ما شاء الله لا قوة الا بالله

محمد ثریت اثر

مولفہ جامع معقول و منقول ہادی فروع و صول عالم ربانی مقبول بارگاہ سبحانی مقرب حضرت صمد
جناب مولانا مولوی شیخ محمد صاحب تھانوی لازالت شمس افادتہ طالعۃ المسمٰی بہ

ارشاد محمدی

حسب فرمائش حضرت زبدۃ الاصفیا عمدۃ الاذکیا مخدومنا مرشدنا جناب قاضی محمد اسمٰعیل صاحب دامت فیوضہم
بحسن سعی و صحت کمال شیخ عبد المجید صاحب و منشی لطاف علی صاحب باہتمام نیاز مند بارگاہ صمدی محمد محبوب علی

toobaa-elibrary.blogspot.com

بمطبع مجتبائی مطبع المطابع واقع دہلی مطبوع گردید

علی فرحی ون الانام قدیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تیجیے ہزارون ہزار بیشمار حمد شکر پرورد گار کی کہ ہمکو اپنے فضل سے اشرف المخلوقات پیدا کیا اور اشرالانبیا علیہ الصلوۃ والسلام کی امت مین داخل فرماکر اونکی اتباع سنت ظاہری اور باطنی کا یعنی سیرت اور سریرت کا شوق دل مین لگایا تا تکمیل ظاہری یعنی اصلاح اعمال اور تکمیل باطنی یعنی تھذیب اخلاق بکمال شوق و اطمینان بروجہ کامل کہ انتہاے ثمرات اوسکی معرفت ہی حاصل ہو اور ہزار شکر یہہ ہے کہ اوسکو منحصر رکھا اوپر ایسے اکمل پیشوا کے تو ہمکو لازم ہی کہ ہم نمک حرام نہون + اپنے منعم حقیقی اور مجازی کے یعنی خدا اور رسول کے بلکہ نمک حلال ہوین یعنی موحد اور متبع سنت اور بڑا شکر یہہ ہی کہ ان نعمتون ظاہری اور باطنی کو قرن در قرن بواسطہ علماے ربانیون اور عرفای حقانیون کے قیام قیامت تک قایم رکھا اور اونکی بھی شکر گذاری ایک عمدہ مطلب ہی کہ ہمکو راہ سنت ظاہری اور باطنی یعنی سیرت اور سریرت نبوی علیہ الصلوۃ والسلام بہدایت اونکے حاصل ہوئی یعنی انکی تعظیم اور وقعت اور یادآوری بدعاے مغفرت اور تیجیے درود نامحدود اوپر ایسے اشرف موجود رسول رحیم ودود وآل و اولاد اور اصحاب و ازواج اور اتباع و احفاد کے کھتا ہون مین عاجز شیخ محمد ابن مولوی حمداللہ تھانوی فاروقی چشتی صابری نقشبندی مجددی معاف کرے اللہ تعالی اوسسے اور اوسکے مان باپون اور اوستادون اور مشایخون سے کہ جب درخواست بعضی بھائیون اخلاص مندون منتسبان مجھ عاجز اہل میرٹھ سے خصوص مولوی فدا علی صاحب میرٹھی اور منشی محراب علی صاحب انوپ شھری چند ارشادات طریقہ علیہ چشتیہ صابریہ قدوسیہ اور طریقہ بہیہ نقشبندیہ مجددیہ خصوص

toobaa-elibrary.blogspot.com

طریقہ ولی الہیہ عزیزیہ سیداحمدیہ نوریہ اور اندک تر طریقہ مقتدرہ قادریہ کے راضی ہو اللہ انسے اور انکے لوگونسے جو اپنے اصلی پیر طریقت بعیت وارادت وصحبت ظاہری ومعنوی ہین اعنی نور الاسلام حضرت مولانا شیخ المشایخ میانجی نور محمد صاحب جھنجھانوی قدس سرہ اور پیر طریقت وبعیت وارادت وصحبت معنوی مولانا واولانا حضرت قبلۃ الہدایت والارشاد کعبۃ الصواب والسداد امام ہمام امام المسلمین اسعد اوحد اسمہٗ احمد حضرت سید صاحب بریلوی قدس سرہ سے پہنچے اور اس روش کے جو معمول بہ مجھ عاجز کے ہین اور اردو ریختہ زبان مین ہنگام قیام میرٹھ اپنے ۱۲۷۰ھ ہجری بنظر نفع عام قید تحریر مین آئی اور نام اس رسالہ کا بنظر فی الجملہ اسم با مسمےٰ ارشاد محمدی رکھا گیا واللہ الموفق والمعین فی الدنیا والدین امین ثم آمین ؀

ارشاد اوّل وجہ پیر صحبت معنوی بہ نسبت حضرت سید صاحب قبلہ مصدر المناقب قدس سرہ یہ ہی کہ فقیر کو تہائے بعمر ہفت سالگی اوّل شرف بعیت اور حاضری یکدو بار حلقہ توجہ دہی حضرت سید صاحب ممدوح ہوا اور پھر بعد فراغ علم ظاہری تکمیل ان طریقو نکی خدمت مین حضرت میانجی صاحب نور الاسلام نور محمد ممدوح قدس سرہ کے جو اونکو تکمیل ان سب طریقون کے حضرت سید صاحب ممدوح سے بشرف بعیت وصحبت وارادت بروجہ کمال ہوئی تھی اور تکمیل طریقہ چشتیہ صابریہ کے حضرت شیخ المشایخ والاولیا قطب فخیم حاجی عبد الرحیم شاہ صاحب ولایتی شہید قدس سرہ سے شرف بعیت وصحبت بروجہ کمال ابتدای حاصل ہوئی تھی بفضل خدا تعالےٰ حاصل کرے اور بطرز اویسیہ تکمیل نسبت حضرت سید صاحب قدس سرہ راہ ولایت وراہ نبوت حاصل ہوئی کہ خارج از بیان ہی اور کمتر از صحبت ظاہری نہین اور ۱۲۶۳ھ ہجری مین فقیر کو بعد شرف بعیت وصحبت اپنے بمقام مکہ معظمہ شرفہا اللہ تعالےٰ حضرت مولانا مولوی محمد یعقوب مہاجر مکی نواسہ اور خلیفہ حضرت شاہ مولانا عبد العزیز محدث دہلوی قدس سرہ نے اجازت عام اذکار واشغال واعمال عملیہ ان طریقو نکے جو اونکو حضرت مولانا شاہ عبد العزیز ممدوح قدس سرہ سے پہنچے تھے معہ خرقہ کرتہ سر بلف اپنے کے ومعہ سند مہری علم حدیث صحاح ستہ وغیرہ کتب حدیث اور علم تفسیر وفقہ واصول فقہ واصول حدیث اور تصوف باوجود حصول سند علوم موصوفہ فقیر کو پیشتر بپیشگاہ حضرت استاد مولانا شیخ مشایخ آفاق مولانا مولوی محمد اسحاق صاحب محدث مہاجر مکی شاہجہان آبادی قدس سرہ سے جو برادر حقیقی کلان اونکی ہین عطا فرمائی اور بعد توجہ دہی یہہ بھی فرمایا کہ اللہ اکبر تمہاری نسبت مین بڑی فراخی اور وسعت ہی اور تمکو اب کچھ احتیاج اکتساب

toobaa-elibrary.blogspot.com

باقی نہین رہی اور ہم مین اور تمہارے پیرو مرشد اصلی مین یعنی مولانا نور الاسلام حضرت میانجی نور محمد جھنجانوی مین
کسیطرح کا تفاوت نہین اور یہ عاجز شیخ محمد بھی کہتا ہون شکریہ الحمد للہ علیٰ ذالک تفخریہ کہ مرشد اصلی از ابتدا
تا انتہا تکمیل متعارف مصداق اِسکے کہ جو کچھ پایا ہمنے اِنہین سے پایا یعنی پیر ارادت وصحبت کامل مولانا نور الاسلام
حضرت میانجی نور محمد صاحب مصدر المناقب ہی ہین اور ابتدا مین مین نے حسب ارشاد حضرت پیر و مرشد اصلی میانجیو صاحب
نور الاسلام کے اپنے پیر بھائی اور ماموں خالازاد حقیقی حضرت حافظ محمد ضامن علیشاہ صاحب تہانوی مرحوم مغفور سے بھی
کہ مجھسے پہلے مرید حضرت میانجیو صاحب کے تھے قدرے فیض صرف نسبتہ چشتیہ کا اوٹھایا۔ علی ہذا القیاس برادر دینی
پیر بھائی میرے جناب حاجی امداد اللہ شاہ صاحب تھانوی سلمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اون سے فیض اوٹھایا اور بعد تکمیل
نسبت نقشبندیہ مجھ عاجز کی حضرت حافظ صاحب مرحوم نے بعض امور نقشبندیہ کو فقیر سے دریافت فرما کر کارہائے ہوئے

ارشاد دوئم بیچ نقشہ لطایف ستہ حضرات نقشبندیہ رح

ان لطایف مین ایک حرکت نبضیہ ہے طالب کو چاہیئے کہ اوسکو خوب دہیان کرکے بغور تمام اسم ذات مبارک سمجھتا
رہے یہانتک کہ ایسا جم جاوے کہ جو خود مٹانا چاہے تو نہ مٹا سکے یہہ اعلیٰ مرتبہ شوق کا ہے اور ادنیٰ مرتبہ بیداری ان لطایف کا
یہہ ہے کہ جب ذکی طرف متوجہ ہو تو یہہ حرکت پاوے اور اوسط مرتبہ یہہ ہے کہ عین مشغولی کاروبار دنیاوی وغیرہ
مین طالب کو لطایف اپنی طرف متوجہ کرلین یہہ انعام الٰہی عجیب ہے ان سلسلہ والون پر طالب کو چاہیئے کہ شاکر ہو

ارشاد سوئم طریق بیداری لطایف ستہ جو طمعات حضرت مرشدی سید احمد صاحب قدس سرہ سے ہے جو

toobaa-elibrary.blogspot.com

لطیفہ قلب کو بیدار کرے تو لا کو نفس سے اخفی تک لیجا کر الہ کو روح پر لا کر الا اللہ کو قلب پر ضرب کرے اِس مشغولے سے یہہ لطیفہ بیدار ہو جاویگا جو لطیفہ روح کو بیدار کرے تو لا کو نفس سے خفی تک لیجا کر الہ کو قلب پر لا کر الا اِلا اللہ کو روح پر ضرب کری تو یہہ لطیفہ بیدار ہو جاویگا جو لطیفہ سر و خفی و اخفی اِن تینون کو بیدار کرے تو لا کو قلب سے روح تک لیجا کر الا اللہ کو نفس پر لا کر جس لطیفہ کا تینون مین سے بیدا کرنا منظور ہو تو اوس پر ضرب کرے الا اللہ کو وہ بیدار ہو جاویگا جو بیداری لطیفہ نفس کی کرے تو لا کو روح سے قلب تک لیجا کر الہ کو اخفی پہ لا کر الا اللہ کو نفس پر ضرب کرے یہہ لطیفہ بیدار ہو جاویگا جو کبھی لطایف مین کدورت پیش آوے تو لا کو لطیفہ دل سے کھینچکر سب لطایف پر گردش دیکر الہ کا لفظ ملا کر پھر الا اللہ کو اوپر ہر لطیفہ کے اکٹھی ضرب کرے یہہ عمل جاروب ہے ملہمات حضرت امام ہمام سید صاحب قدس سرہ مین سے جو لطیفہ مین خنکی منظور ہو تو لفظ اللہ کو چاندی سے لکھا ہوا تصور کرے اور جو حرارت منظور ہو تو سونے سے یہہ شغل ملہمات فقیر سے ہے **ارشاد چہارم** بیچ سلطان الاذکار کے بیان مین سلطان الاذکار خصایص اِس طریقہ علیہ کی سے ہے کہ بعد بیداری لطایف ستہ کی اسکی مشغولی مقرر ہے اگرچہ کسی طالب ذکی پر پہلے ہی وارد ہو جاوے تو سبحان اللہ کیا کہنا اور وہ مراد اِس سے ہے کہ ہر بال کی جڑ سے اور رگ و ریشہ سے مانند حرکت نبض پائی جاوے اور اسکو طالب اسم ذات سمجھے یا درود اوسکا دھڑ دھڑی کے ساتھ ہوگا کہ سب بدن لرزان کھڑا ہو جاوے یا مانند حرکت چینونٹی کے۔ طالب کو چاہیئے کہ اوسکو خوب سوچے اور سمجھے اور اِس حرکت کو ذکر جانی اور لفظ اللہ کا خیال کری اور جو کبھی اوسمین خلل پڑ جاوے تو از خود بقوت تمام خوب کھلچا کر بدن ہو پر زور دیکر دھڑ دھڑی لیکر یہہ حالت پیدا کرے تو اِس مشق سے پھر بے تکلف جاری ہو جاویگا اور اگر کسی طالب پر بے تکلف یہہ حالت ڈالنی منظور ہو تو زور اوسکے ہر رگ و ریشہ پر القا کری اور اکثر اوسکو بڑہاتا رہے اور کبھی بڑہ جاوے تو ہر در و دیوار سے بلکہ تمام عالم سے اسم ذات سمجھا جاویگا یہان تک کہ کبھی پاس والونکو آواز آویگی کیونکہ یہہ صاحب حال ہے اوسوقت تمام شئے تابع اوسکی ذکر کی ہین مگر یہہ کمال منتہی عارفون اِس سلسلہ کا مرتبہ ہے۔ **ارشاد پنجم** بیچ ذکر بارہ تسبیح خاندان حضرت چشتیہ سلسلہ علیہ صابریہ راضی ہو اللہ اون سے اور اونکے لوگون سے بعد نماز تہجد رو بقبلہ با وضو بیٹھکر با خلاص دل اول اعوذ و بسم اللہ اور کوئی درود شریف ایک دفعہ سے لیکر گیارہ دفعہ تک بشرط طاق عدد اور پوری کلمہ طیبہ کو معہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی تین بار پڑہ کر لا الہ الا اللہ کو دو سو بار اِس طور پر کہے کہ لفظ لا کو دل سے کھینچکر الہ کی لفظ کو دہنے مونڈھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

پر لیجاوی اور خیال کرے کہ غیر اللہ کو دل سے نکال دیا اور بعد کچھ ایک وقفہ کے الا اللہ کو دل پر شدت وقوت سے ضرب کرے اس خیال کے ساتھ کہ محبت اللہ کی مینے دل مین داخل کی اور پھر چار سو دفعہ الا اللہ کو دہنے مونڈھے سے سختی اور قوت کے ساتھ دل پر مارے بخیال اس کے کہ محبت اللہ کے دلمین داخل کی اور پھر اللہ اللہ کو با این طور کہ پہلے حرف ہای لفظ اللہ پر پیش کھی اور دوسرے لفظ اللہ پر جزم کھے اور اوسیطرح ضرب لگاوے کہ اس کو دوضربی کہتے ہین اگرچہ ظاہر مین یہہ بارہ سو دفعہ ہوتا ہے لیکن اسکو چھ سو دفعہ سمجھی اور پھر صرف لفظ اللہ کو جزم کے ساتھ ایک سو بار بلا وقفہ لگاتار دمادم ضرب کرے یہانتک مشق پھونچاوے کہ اس سو دفعہ کو ایک سانس مین پورا کرے پھر تین بار پورا کلمہ طیبہ معہ صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم پڑھ کے تین بار درود شریف پڑھے اور یہہ دعا پڑھے الٰہی انت مقصودی و رضاءك مطلوبی ترکت الدنیا والاٰخرۃ لك اتمم علی نعمتك وارزقنی وصولك التام

ارشاد ششم بیچ پاس انفاس کے ذکر مین طالب کو چاہیئے کہ اسوقت کوشش کرے کہ جو دم اندر کالیوے تو بوقت داخل ہونے دم کے اَللّٰہ اور جب باہر کالیوی تو بوقت نکلنے باہر کے ھُو سمجھے اور اوسکی ورزش اور کثرت بجد کرے یہانتک کہ کوئی دم خالی اس یاد سے نجاوے اور دوسرا طریقہ یہہ ہی کہ لَا اِلٰہَ کو باہر کے دم مین خیال کرے اور سمجھے کہ غیر اللہ کو بدر کیا اور اُسکی محبت کو اور اِلَّا اللّٰہُ اندر کے دم مین خیال کرے اور خوب سمجھے کہ محبت الٰہی داخل کری پہلا طریقہ مفید تر ہی جذب اور او بھارنے گرمی اور ذوق شوق محبت آلٰہی کو پچھلا طریقہ مفید تر ہی سلوک اور اطمینان کو ایک گونہ خنکی کی ساتھ اور جذب سے مراد نسبت مجذوبانہ نہین ہی کہ جس پر تکلیف شرع کی نہین ہے بلکہ نسبت عاشقانہ مراد ہی ساتھ کمال ادب تشرع کی اور اس ذکر کو حضرات چشتیہ پاس انفاس کہتے ہین غالباً مخصوص اس طریقہ سے ہی اور نیچے کا سانس یعنی اندر جانیکا مخصوص ہی ذاکر کر دینے قلب کو بے تکلف اور وجہ تجویز حضرات چشتیہ قدس اسرارہم کی اس شغل کی یہہ ہی کہ جہان ذکر زبانی نہین کر سکتا وہان بھی ذاکر رہے مثل محل نجاسات تو صادق آویگا اُس پر مضمون والذاکرین اللہ کثیرا والذاکرات کا اللہ نصیب کری۔ ارشاد ہفتم بیچ اسم ذات کے طالب کو چاہیئے کہ حسب اجازت مرشد اسم ذات مبارک شبانہ روز مین زبانی ایک لاکھ پچیس ۱۲۵۰۰۰ ہزار دفعہ کری کہ یہہ مرتبہ نہایت کاملین کا ہی جو نہو سکے تو ایک لاکھ کرے ورنہ چوبیس ہزار دفعہ کری اور حکمت اس مین ان حضرات چشتیہ علیہم الرحمت کی یہہ ہی کہ رات دن مین چوبیس ۲۴۰۰۰ ہزار سانس آدمی لیتا ہی تو یہہ چوبیس ۲۴ ہزار اسم ذات

toobaa-elibrary.blogspot.com

جبر اُس نقصان کا ہو جاویگا کہ جو پاس انفاس مین بمقتضای بشریت ہو گیا ہو ورنہ بارہ ہزار دفعہ کرے اور چھ ہزار سے تو کم نہ اختیار کرے یہہ ادنی مرتبہ ذاکرین کا ہی ،، **ارشاد ہشتم** بیچ ذکر ارّہ کے ساتھ عین کے جسکو فارسی میں ارہ نجار الف سے کھتے ہین اور زبان زد عام اُردو ہی یہہ ہی ہی اور معنی ارّہ کے مشقت مین اختیار ہی طالب کو کہ ارّہ کا ذکر اسم ذات سے کرے یا نفی اثبات سے یا صرف اثبات سے خواہ حبس دم سے کرے خواہ بدون حبس دم کے مگر خیال کرے اپنی دوسری آواز کا ایک آواز کا اندر کی جانب لیجانیکا خیال کرے اور دوسری آواز کا باہر کی جانب لیجانیکا خیال کرے گویا اپنے نفس کو چیرتا ہی اور قلب پر مثل بڑہی کے آرہ کو پھیرتا ہی اور چلاتا ہی اور اپنے بدن کو ویسی ہی حرکت اور کشش دے مشابہ ملنے درود گر یعنی بڑہی کے ہو جاوے تو اس ذکر کی گرمی او صفائی سے رگ رگ کی کثافت دور ہوتی ہی اور کمال ذوق شوق کی انتہا پیدا ہوتا ہی در اصل یہہ ذکر منسوب ہی طرف حضرت غوث الثقلین شیخ عبد القادر جیلانی رحمت اللہ علیہ کے سو معمول مشایخ چشتیہ بھی بکثرت ہی کہ ان دونو خاندانو نمین ارتباط زیادہ تر ہے بر توان ہین اور نسبت مین خاصیت زیادہ رکھتی ہین اگرچہ طرز اس ذکر کے بہت ہین مگر معمول فقیر ساتھ کچھ تصرف مناسب کی یہہ ہی ہی کہ اسمین زیادہ برکت پائی ،، **ارشاد نہم** بیچ نسبت یک ضربی اور ذکر حدادی اور ذکر سلطانا النصیر وغیرہ۔ اشغال خصایص حضرات چشتیہ کے نسبت یک ضربی مراد اس سے ہی کہ بیسون انگلیان ہاتھ اور پاؤن کو اور اکیسوان قلب کو ایک حالت مین اسم ذات کے ساتھ ذاکر سمجھے نہایت حرارت اور گرمی اور شوق کے ساتھ مثل شعلوں پنج شاخوں وغیرہ کے بعد مشق کے رفتہ رفتہ اپنے آپکو اور تمام عالم کو ایک کرہ آتش کیطرح سمجھیگا اگر کبھی اُس حرارت سے از خود تنگ ہو روشنی نورانی مصفا کے ساتھ مثہ خنکی کے تصور کرے تو تسکین پاویگا ایسے مقام مین ذاکر کو چاہیے کہ نظر رحم خلق اللہ پر رکھی اور اہل بصیرت کو چاہیئے کہ ایسے وقت مین جرأت کرنے پیشگاہ اونکی سی بالضرور بچین ورنہ ادب تو یہ ہر وقت ہی درکار ہی مبادا مقہور محترق راجع ہون اور ذکر حدادی یہہ ہی کہ طالب او کڑون بیٹھکر دونو ہاتھ کو بہیئت گرفت گھن لوہار کے کھیچکر دہنے جانب کو بالائے سر لیجاکر اور سرینونکو قریب نصف قیام کے اوٹھا کے ضرب شدید بائین طرف باشارہ ہلتو نکے لگاوے اور وقت اوٹھانے ہاتون کے لا اِلٰہ کھے اور وقت نیچے لانے ہاتونکے الا اللہ کھے اور آنکھ بند رکھے اور زبان تالو سے چپکائے رکھی نہایت شوق اور گرمی اور تاثیر عجیب بخشتا ہی فی الجملہ ریاضت بدنی بھی ہی۔ سلطانا النصیر یہہ ہی کہ آدمی کھڑا ہو کر

toobaa-elibrary.blogspot.com

بیٹھکر رُخ بقبلہ با وضو اپنے دونو پرہ ناک کو دونو آنکھون سے بدیر ملاحظہ کرے سب طرف سے لوٹ کر متوقع رہے ظہور ایک قسم کے نور کا خواہ قلیل ہو یا کثیر کسی رنگ مین ہو اگرچہ وہ زایل ہو جاوے فوراً مگر یہہ متخیل صحیح اوس کے مراقبہ مین اسی ہیئت کے ساتھ مستغرق رہا کرے رفتہ رفتہ بعد مشق ایک مدت کے وہی نور لطیف اوسکو اور تمام عالم کو محیط ہوگا اور مذاق انتہای درویشی حسب استعداد طالب بخشی گا جو کرے سو جانے خوبیان اسکے بیان سے باہر ہین اسیواسطے کہ محبت ولایت اور مدد ہے خدا کی طرف سے تو بنام نہاد سلطانا نصیر ہی کہ انتہا اشغال اور حالات عارفین مین سے ہی شغل گداخت منی کہ باعث فساد بسیار ہی اسم ذات کو ناف سے بشکل شعلہ جوالہ کہ یہہ متمم گرمی عشق ہی یا بالکل ستارہ روشن مصفا کہ یہہ متمم خنکی او صفائی ہی تصور کر کے ساتھ حبس دم کے ٹھہراتا ٹھہراتا بتدریج دماغ تک لیجاکر تمام دماغ مین پھیلاوے اور جب حبس سے دم رُکے تو براہ ناک آہستہ آہستہ اسم ذات کو براہ سانس باہر لاوے تماسلہ ذوق و شوق اور اور تاثیرات کے فائدہ گداخت منی ہی کہ بے رغبت کرے مباشرت جماع سی یہہ شغل نہایت درکار ہی بعض اوقات مین خصوص مجردونکو اور جب تسکین پاوے اس رغبت سے تو چھوڑ دی ∴ ارشاد دہم بیچ مراقبات حضرات چشتیہ طالب کو چاہیئے کہ وقت عبادت کے ہر شخص کو ایسا جانے کہ جیسا مسجد مین وقت عبادت اشیاء مسجد صف بوریاے یا لوٹہ وضو وغیرہ اور خود مسجد اور در و دیوار موجود ہین اور کبھی اس کا خیال نمایش اپنی عبادت کا واسطے ان چیزون کے نہین ہوتا بلکہ خطرہ بھی نہین گذرتا تو مشق سے اس مراقبہ کی رفتہ رفتہ بالکل جڑ ریا کی کٹ جاویگی اور جماعۃ مخلصین لہ الدین مین داخل ہو جاویگا کیونکہ جب آدمی مالک نفع او ضرر اور جزا اور سزا اور مستحق عبادت کا نہو تو پھر جمادات مین اور اوسمین کیا فرق ہی اللہ نصیب کرے ہمارے اور سب مسلمانونکے مراقبہ طالب اپنے بدن کو ایسا فراخ درجہ بدرجہ بہ تخیل صحیح سمجھے کہ رفتہ رفتہ گویا تمام عالم کو محیط ہو گیا ہی تو ایکطرح کی صفائی اور فنا اپنے حوایج سے اور پرداخت خلایق محض برائے خدا اور فوائد بسیار کے راحت اپنی مین پاویگا انکشاف مطالب توحید شہودی اور کشف کو حسب استعداد طالب بہت مفید ہی مراقبہ طالب اپنے بدن کو اور تمام عالم کو پانی مصفا ایک دریاے محض سمجھے تو کمال مسائل توحید اور معارف کا انکشاف ہوگا اور ایک طرح کی رحمت اور رغبت اور چین ساتھ خنکی او صفائی اور نورانیت کی اپنے مین پاویگا یہہ مراقبہ فقیر کو پہنچا ہی میرے چچا پیر کہف العارفین ذو العوارف جناب حضرت مولوی حاجی حکیم مغیث الدین صاحب سہارنپوری سے رحمۃ اللہ علیہ اونکو پہونچا اپنے مرشد حضرت قمر العارفین حاجی عبدالرحیم صاحب ولایتی شہید قدس سرہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دورہ قادریہ

سے شغل دورہ قادریہ کہ معمولات فقیر اور خاندان فقیر ہی چاہئے اسکو طالب کبھی نچھوڑے مشاہدہ عجائب کریگا اللہ سمیع کو
ناف سے اُٹھاکر ایک خط نورانی سمجھکر سینہ تک لیجاوے اور ساتھ ہی اسکے اپنی روح کو وہانتک لیجاوے یعنی نور مذکور
کی روشنی مین روحکو لیجاوے اور وہان سے ساتھ اللہ بصیر کے ایسطرح دماغ تک لیجاوے اور وہان سے اللہ علیم
کے ساتھ ایسطرح روح کو پہلے آسمان تک لیجاوے یعنی دماغ مین ایک سوراخ تصور کرکے نور مذکور کو اور روح کو نکالکر لیجاوے
اور سوراخ مذکور کو ہاتھ سے خیال مین بند کرتا جاوے جیساکہ چھت کے سوراخ کو بند کرلیتے ہین اور وہان سے ایسطرح روح کو
ساتھ نور اللہ قدیر کے بالاے عرش لیجاوے اور وہان جاکر چاند کا اور چاند کی روشنی کا ایسا تصور کرے کہ اوسمین
غرق اور محو ہوجاوے اور وہان سے تمام عالم خود بخود نظر آویگا کیونکہ قاعدہ ہے کہ بلندی کے اوپر سے سب چیز نیچے
کی نظر آتی ہے مگر جو سیر تمام عالم کی منظور ہو یا کسی آسمان کی سیر یا بہشت وغیرہ کارخانون آسمان کی سیر منظور ہو تو
نظر کرے نہین تو اوسی چاند کی روشنی مین اور ملاحظہ چاند مین ایسا محو ہوجاوے کہ دنیا اور مافیہا سے بیخبر ہوجاوے
اور جو کسی شہر وغیرہ کی سیر منظور ہو تو کرے اُمید ہے ذات مطلوب حقیقی سے کہ کبھی کشف حال صحیح اوس بلاد کا حسب
حوصلہ طالب ہوجاویگا مگر ادنی یہہ ہے کہ نکرے کیونکہ مقصود نہین ہے بلکہ ملاحظہ چاند مین اور اوسکی روشنی مین غرق ہوجاوے
اور جب وہان سے نیچے اوترنا چاہے تو پہر نور اللہ قدیر کو ہمراہ اپنے بطرز مذکور دالی آسمان تک اپنی روح کو اوتارے اور
وہانسے ہمراہ نور اللہ علیم کے دماغ تک اوتارے اور اپنے سوراخ بند کئے ہوئے کو کھولکر وہان سے ہمراہ نور اللہ بصیر
کے تا بسینہ اوتارے اور وہان سے ہمراہ نور اللہ سمیع کے تا بناف اسی طرح مراقبہ اس ہبوط اور صعود کا کرتا رہے
کمال برکات و معاملات اور کاروبار درویشی و معرفت الٰہی سے حلاوت پاویگا کہ بیان سے خارج ہے کرکے سوجانے
اسکو دورہ قادریہ کہتے ہین اور دورہ چشتیہ بھی اسی کے قریب قریب ہے اوسکو بھی شامل ہے اور فقیر وہان یعنی بالائے
عرش سلطان الاذکار پیدا کرکے مشغول ہوتا ہے اور اوسمین استغراق اتم اور نفی النفی کمال درجہ کو ہوتی ہے اور صفائی
بیشمار اور اور چیزین کہ قابل بیان استفسار نہین اور اگر خنکی و صفائی اس مراقبہ مین منظور ہو تو تصور شبنم کنار دریا بروقت
طلوع آفتاب کرے خنکی اور صفائی اور نورانیت حاصل ہوگی اور اگر گرمی اور شور منظور ہو تو بالائے عرش تصور اشیاء برنگ
سنہرہ کے کرے اور اگر نہایت نسبت عاشقانہ جلی جیسی خاندان حضرات چشت منظور ہو تو مراقبہ کرہ آتش کری محیط کل
اشیا کو اور فقیر یہہ بھی کرکے محظوظ ہوتا ہے مراقبہ اپنے تمام بدنکو مانند تنور یا بھٹی لوہار و سنار یا تمہیار اکے تصور کرکے بالکل آتش خانہ سرخ گرم

toobaa-elibrary.blogspot.com

تصور کرے بکمال گرمی ذوق شوق پیدا ہوگا اور بسا اوقات اپنی گرمی سے آپ تنگ ہوکر خواہان تسکین ہوگا اس مراقبہ مین ہمیشہ شورش اضطراب و قلق و تپ و تاب پائی ہے اور ایجاد فقیر ہے مراقبہ قلب آدمی مین مکانات متعدد مثل بنگلہ و دریچہ ہا و بارہ دری وغیرہ مکلف و نفیس آراستہ فرش و فروش مجلس ہای شیطانی ہین اور واسطی کارخانہ ہر طرح کے وساوس کے اور ہر بدی کے مکانات علیحدہ مثل خزائن بہت ہین کہ ہر مفسد شیطان لشکری اُسکی ملمور الخدمت بقدر ضرورت اپنے اپنے حساب و کتاب دخل و خرج روزمرہ بھگتے ہین کہ حدیث صحیح مین اوسکی جانب اشارہ ہے ان الشیطان جاثم علی قلب ابن ادم یعنی شیطان اپنے تخت پر وہان مثل سلطان و مہنت جما ہوا بیٹھا ہے اور چیلی چاٹون سے مجلس سرگرم رہتی ہے تو بسا اوقات تاثیر اذکار کو سدّراہ ہے اور باوصف کثرت اذکار ہجوم خطرات طالب اپنے مین پاتا ہے تو متردد ہوکر قصد ترک کرتا ہے تو عمدہ علاج اس مرض کا یہہ ہے کہ اپنے قلب مین ایک چھوٹی سی چنگاری نہایت تیز بہ تخیل صحیح دہیان کرکے مخفی مخفی کسی مکان یا کسی فرش مین اور اگر ہوسکے تو زیر تخت رکھے اور بعد اطلاع لشکر خبیث اگر اوسکو بجھاتا ہوا تصور کرے تو ایک مشکیزہ آہنگری اپنے پاس تصور کرکے بہ استعانت اعوذ و لاحول دمادم دہونکے تو انشاء اللہ تعالیٰ تصور کارگر ہوگا اور یہہ دہیان کرے کہ یکایک تمام مکانات اور کارخانجات مین ایک ڈیک کلان لگ کر محیط ہوکر سب اشیا کو دفعتاً خاک سیاہ کردیا اور اگر بالفرض کوئی بھاگتا ہوا نظر آیا اور کہین سے تو بتصرف ایک شعلہ قویہ کے وہین خاک کردیا بعد اُسکے فقط ایک تودہ خاکستر تصور کرکے بہ استعانت پھونک لاحول و اعوذ مثل گرد و غبار کے دفعتاً اوڑادے بعد صفائی مکان اسباب صفائی مثل جاروب اور پارچہ پالی وغیرہ مین نہایت کوشش و توجہ کرے اگر بعد اسکے شدّت گرمی نامطبوع سمجھے تو آب خنک دریاے رحمت الٰہی سے غسل دے لے ورنہ شاید اس مراقبہ تجربہ ایجاد فقیر کا یہہ ہے کہ نزدیک حضرت صوفیہ کرام کے قلب آدم پر ستر ہزار حجاب ہین عنایت الٰہی سے اوٹھین تو کیا کہنا ہے سبحان اللہ اللہ نصیب کرے ورنہ امثال ان اشغال چارہ کار طالب درکیا ہے اگر کبھی شیطان خارج مین ظہور پکڑے یعنی جس مکان مین کہ طالب مشغول ہے اوسمین نظر آوے تو اوسکو بھی باعانت اعوذ و لاحول کے بخیال دو ضرب بدر کرے اور ساتھہ ساتھہ شعلہ قاہرہ کے سوختہ کرے **ارشاد یازدہم** بیچ مراقبات حضرات نقشبندیہ **مراقبہ** خیال کرنے ذات پاک بے جہت بے کیف بے حجاب بے تعین حاضر ناظر ہے اور میرے ساتھہ ہی ساتھہ وصف بیچونی اور بیچگونی کے نیک بات میری سے راضی اور بد بات سے ناراض اور تنہا نہ سمجھے اپنے تئین کو کسی خلوت مین اور بے ادب ہوے نشست و برخاست مین اور برہنہ ہونیسے خلوت مین پرہیز کرے موجب آثار یعنی حیا مند ہونا ادنی امور بے حیائی اور بے حجابی سے کہ جو وہ امور مباح ہین مثلاً در انکنا

toobaa-elibrary.blogspot.com

پانون کا یا غسل پر بہنا کرنا علی ہذا القیاس خلوتمین پیدا ہون تو جانے کہ یہہ عمل میرا مقبول درگاہ ہو مقام تقوی حاصل ہوا
شیطان لعین کو آمادہ کرنیکا بیحیائی پر مانند زنا وغیرہ خلوتمین بھی توقع منقطع ہوئی یہہ ہی رویہ اکابر سلف صحابہ و
تابعین وغیرہ کا تھا رضی ہو اللہ اونسے ھر اقبہ اور واسطے رفع کدورت کے جو نسبت مع اللہ مین واقع ہو تو مراقب
ہو کر اسم موجود کا کرے اسکی مشق سے ایک صورت گل کی پیدا ہو گی یہانتک ترقی کریگی کہ طالب کو کیا بلکہ ساری عالم
کو بعض اوقات مین گھیر لیگی اور خود بخود کدورت دور ہو جاویگی اور جب نماز پڑھے تو مراقبہ ایک نور تجلی خاص معظم کا جو
کعبۃ اللہ پر نمایان ہے مابین اپنے اور کعبۃ اللہ کے دہیان رکھے کہ یہہ کعبۃ اللہ ہے اور سوچے کہ ایسی عظمت کی وجہ سے کعبۃ اللہ
مین شان سجدہ گاہ خلایق کی نمودار ہے اور اوسمین غرق ہو جاوے ایسا کہ سب طرف سے بالکل ٹوٹ رہی تو حالت محویت
کی نماز مین پیدا ہو جاویگی اور نماز بے خطرہ اور بے کھٹکے ہونے لگے گی ایسی قسم کی نماز سے نماز معراج المومنین مراد ہے
ھر اقبہ اور اگر بیماری یا مصیبت یا رنج والم پیش آوے تو طالب کو چاہیے کہ اس مراقبہ مین غرق ہو جاوے
یعنی سوچے کہ یہہ مصیبت کہان سے آئی تو دل مومن کا خود بخود گواہی دیگا کہ اللہ کی بھیجی ہوئی آئی ہے بار بار
اس مین غرق ہو کر لذت حاصل کرے کہ کہان میرے نصیب جو یہہ تحفہ سرکاری عنایت ہوئی پس مرتبہ صبر اور شکر
حاصل اور خود بخود بے تکلف مراقبہ ہے اور مقام توکل ہاتھ مین ہے اور مصیبت مین تخفیف اور برکت اس شغل سے ہے یہ
کہ وہ مرض و مصیبت زایل ہو جاوے کہ اس قسم کی شفا سے تدابیر معالجات ظاہری بالکل عاجز ہین یہہ مراقبات
ارشادات حضرت سید صاحب قبلہ سے ہین زیادہ طلبی ہو تو رجوع کرے طرف کتاب فقیر انوار محمدی کے ھر اقبہ
طالب سوچے کہ گویا ترکیب تمام عالم کی بگڑ گئی اور جہان فنا ہو گیا اجمالاً اور تفصیلاً دہیان کرے بگڑ جانے پر ہر
ہر جز عالم کی اور خیال کرے پیش آئے معاملات حشر و نشر ایک میدان وسیع مین ساتھ ہیبت اور جلال اور خوف
کمال کی خصوصاً بگڑنا اجسام کلان کا مثلاً آسمان کا علیحدہ اور زمین کا اور پہاڑون کا علیحدہ کہ مثل ریگ کے
بھر کر بے حقیقت ہو گیا اور پھر اپنی بھی فنا کا خیال کرے اور ذات واحد ذو الجلال قہار کے بقا کا ساتھ عظمت اور
شوکت کے مستقل بالذات کے خوفان و لرزان نہایت کے رتبہ کو تو عجیب حالت پیدا ہو گی خود رفتگی کی تو گویا اتمام
ہے حقیقت یعنی اس آیہ کریمہ کا کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ یہہ اصل مراقبہ منسوب
ہے طرف حضرت غوث الثقلین رح کے معہ چند اضافہ امور تفصیل مجربہ کے جانب فقیر سے کہ بمنزلہ تشریح ہی مراقبہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور کبھی ہر لطیفہ کو مانند ستارہ زحل اور مشتری روشن چمکدار کلان کی دہیان کیا کرے اور کبھی کل وجود کو مثل شیشہ
صاف شفاف مثل فانوس بلورین تصور کرے کہ گویا یہہ لطیفے خواہ جداگانہ خواہ شامل مثل ایک گولہ نورانی ہین پس
پردہ اس فانوس کی تصور کیا کرے تو نہایت لطافت اور صفائی اور روشنی انمین پیدا ہوگی مراقبہ اور کبھی دہیان
کرے کہ زیر زمین چلا گیا ہون کہ وہان ایک دریا محض سہکنا رہی نہایت شفاف مثل آب موتی کی خنک مانند برف
اور اوسمین پوری روشن ماہتاب کا خیال کرے اور اوسمین خوب غوطہ خوری کرتا پہرے اگر خنک نسبت منظور ہو تو برف
اور پانی کا خیال زیادہ کرے ساتہہ کیفیت خنکی کی مگر چاند کو لحاظ سے الگ نکرے اگر فی الجملہ حرارت کا لحاظ ہو تو چاند کی
روشنی اور گرمی کا خیال زیادہ کرے اور کیفیت پانی کو نہ بھولے ایسا اوقات مشق بسیار عین حالت موسم گرما مین کانپنے
اسقدر چھوٹی گی کہ دانت سے دانت بجنے لگے گا یہہ مراقبہ عجب نہین کہ بر تو ہو او سحدیث شریف کا کہ انحضرت صلعم نے
فرمایا کہ حق تعالیٰ نے میرے سے دریافت کیا شب معراج وغیرہ مین ای محمد کاہے مین جہگڑتے ہین ملاء اعلی یعنی ملایک
عالم بالاخصوص قدوسی اور کروبی تو اوسوقت میری پشت پر حق تعالیٰ نے اپنا ہاتہہ مبارک رکھدیا تو اوسوقت تمام عالم
ملک و ملکوت کا مشاہدہ ہوا تو فرماتے ہین آنحضرت صلعم کہ مینے حلاوت خنکی اور تسکین اور راحت ہاتھ مبارک کی اپنے مین
محسوس کری اور کرتا ہون اور یہ آیہ پڑہی وَكَذٰلِكَ نُرِيٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الخ پس خوبی ان مراقبات
ملہمہ نسبت اس فقیر کی محض افضال الٰہی مین خود اس سے واضح ہی زیادہ احتیاج بیان نہین ہی یہ امر بیانی نہین ہے
محض واسطے سمجہانے کے ہی مصرع ع ذوق این می نشناسی بخدا تا نہ چشی ۔ مگر ہمنے مناسبت اس مراقبہ کی ساتہہ نسبت
مجددیہ خصوص طریقہ احمدیہ جو منسوب ہی طرف حضرت امام ہمام مصدر المناقب کی ہے پائی تو نزدیک فقیر کے مناسب ہے
کہ اس آیہ کی معنی کو اوسوقت دہیان مین رکھے فضل الٰہی سے توقع ہے کہ انکشاف معارف جلیلہ اور امورات
علوی سفلی کا منکشف ہو حسب استعداد و وجاہت طالب انشاء اللہ تعالیٰ مراقبہ موت کا معنی آیہ کریمہ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ
الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ اور مثل اسکی آیتین اور معنی حدیث کَفٰى بِالْمَوْتِ وَاعِظًا اور اور حدیثین مانند
اسکے خوب بہ یقین کامل پیش نظر اپنے کرکے ایک حالت نزع کی سے پیدا کرکے جمیع گناہون سے استغفار سمجھکر ساری دنیا
ومافیہا کو بیکار سمجھکر بے رغبتی پیدا کرکے بالکل طرف آخرت کے ٹوٹ رہے اور جب کسی سوراخ و جہروکے کیطرف خیال
کرے یا نظر پڑے تو تنگی و تاریکی قبر کو اس سے بھی زیادہ تر سمجھ کر رجوع الی اللہ کرے او سکو حتی المقدور اپنی نظر

toobaa-elibrary.blogspot.com

رکھی کہ گویا پیوند جان ہوجاوے تو مراقبہ اشارہ ہی طرف اوس حدیث کے کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے حضرت عائیشہ رض
سے تذکرہ عذاب قبر کا تو اوس وقت فرمایا نہیں دیکہا مینے کسی چہرہ کے کو کہیں مگر کہ قبر کو پاتا ہوں تنگ تر اور پریشان
تر اوس سے یہہ مراقبہ ملہمات فقیر سے ہی کہ نہایت بے رغبت کر دیتا ہی دنیا سے خصوصاً تنعم سے عجب نہیں کہ ایسا شخص
حسب استعداد اپنے مصداق ہوجاوے مضمون موتوا قبل ان تموتوا کا ارزقنا اللہ مراقبہ آیہ کریمہ کشجرۃ طیبۃ
اصلہا ثابت و فرعہا فی السماء الخ مراد اس سے یہہ ہی کہ قول لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کو مثل ستون نورانی فرش سے
عرش تک بخیال اس آیہ کریمہ کے لحاظ صحیح کر کے اوسمین غرق ہوجاوے تو مشاہدہ عجائب کریگا اور ایک قسم کی حلاوت
ایمانی پاویگا استقامت توحید پر اور اتباع سنت ہو جانے پر بہت مفید ہی اور شغل بازگشت کو اپنے ذمہ پر لازم جانے
کیونکہ ہمارے پیشوائے طریقت حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے اپنے کتاب قول جمیل مین فرمایا ہی کہ جو کچھ ہمنے پایا برکت
سے بازگشت کی پایا فقط اور فقیر کہتا ہی خلوت در انجمن جو اوسی کتاب مین مذکور ہی برکت اوسکی بھی کچھ شغل بازگشت سے
کم نہیں کہ مجرب ہوچکی بلکہ بعض اشخاص کو بعض مصلحت سے زیادہ تر مفید ہی پس دم لونکی طرف زیادہ دہیان لگایا کرے اور یہہ بازگشت
وغیرہ مشہور بکلمات حضرات نقشبندیہ ہین تو متوسل ہماری کو بہت ضرور ہی کہ انکی ساتھہ مشغولی کرتا رہے اور وہ مذکور
ہین بہ تفصیل کتاب موصوف مین موعظۃ خصوص موا عظۃ عمری فاروقی رضی اللہ عنہ حضرت ابوہریرۃ رض عنہ سے روایت ہے
کتاب موطا حضرت امام مالک رح مین کہتے ہین حضرت ابوہریرہ رض کہ مین گیا کسی باغیچے باغیچون مدینہ منورہ مین سے کہڑا ہوا
مین زیر دیوار اوسکی باہر کی جانب تھے اندر کی جانب سے سنی مینے آواز بخ بخ یا ابن الخطاب لتتقین اللہ او لیعذبنک
یعنی حضرت عمر رض نصیحت کرتے ہین اپنے نفس کو اور سمجہاتے ہین شاباش شاباش ای بیٹے خطاب کے یا تو ڈرتا رہیگا تو اللہ سے
یا اللہ عذاب دیگا تجکو تو کہتے ہین ابوہریرہ رض کہ میرے ہوش فراموش ہوگئے کہ جب عمر سے شخص کا یہہ حال ہی تو ہم سے عاجزون
کی کیا پائی ہی فقیر نے اس مضمون کو جسکا بیان مراقبہ ٹھہرایا ہی اپنے دفتر سابع مثنوی حضرت مولانا روم علیہ الرحمۃ مین مفصل بیان
کیا ہی منجملہ اوسکے ایک شعر کہ خلاصہ ہی نصیحتاً لکھا جاتا ہی ؎ چون عمر را خوف و خشیت اینقدر ، ما کیانیم و کجا ماند قدر
علی ہذا القیاس اس قسم کے مضامین احادیث و قرآن سے پیدا کر کے اپنے نفس کو وعظ کرتا رہی محاسبہ مین کہتا ہون کہ مراد ہے
اس سے کہ اپنے نفس کا حساب کرے ہی مانند تجارت پیشہ کی اور کیون نکرے جب بیماری بہکاری ٹہرا نہین تو نہایت ٹوٹے
کی بات ہی تو عمدہ طریق اوسکا یہہ ہے کہ اپنے نفس کا ہر وقت محاسبہ لے کہ کوئی ساعت بغفلت گزری یا نہین اگر گذری

toobaa-elibrary.blogspot.com

تو تلافی اسکی بہ استغفار اور عزیمت ترک غفلت کرے ورنہ صبح شام کرتا رہے اس سے بھی کیا کم کرے رزقنا اللہ ارشاد

۱۴ دوازدہم طریقہ خواندن درود شریف ایجاد و معمول فقیر چاہیے کسی وقت خصوص پچھلی راتکو اور خصوص چاندنی راتمیں

باوضو خلوتمین رخ بقبلہ کچھ مائل بمدینہ منورہ جانب بشمال کہ دیکھنے والا کم امتیاز کرے کہ یہہ شخص رو بقبلہ نہین ہے اوس

روش پر تصور ایک منبر مدور اوپر سے زیادہ چکلا اور نیچے سے کم ادہر مین کچھ اونچا زمین سے، نہایت نورانی تصور کرے

جیسا کہ اشارہ ہمارے پیشوائے طریقت حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے اپنے اس معاملہ کا ساتھہ معاملات نبویہ جو بوقت

زیارت مدینہ منورہ واقع ہوی انتباہ مین تحریر فرمایا ہی کرے اور اوسپر ذات مقدس آنسرور عالم صلی اللہ علیہ و الہ وسلم کو بہ تخیل

صحیح بہ ادب لحاظ کرے اور کچھہ دیر اوسمین مستغرق رہے یہانتک کہ حلاوت لے اور پھر تصور کرے کہ حضرت صلعم نیچے اوتر

کر اپنے مزار شریف مین جو حجرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تہا تشریف فرما ہوے اور کچھہ استراحت وغیرہ خواہ لیٹے خواہ

بیٹھے بہ این ہیئت باہر جلوہ فرما ہوئے مسجد نبوی مین کہ دہنی جانب حضرت ابوبکر صدیق رض ہین ہاتہ مین ہاتھ لئے ہوئے اور

بائین جانب اسیطرح حضرت عمر رض ہین اور دہنی جانب کو مسجد نبوی کے دریچہ مین اس مسجد مین تشریف لیکے جو تیار کی ہوئی حضرت

عثمان کی ہی تو جمالاً خیال مین ادہر ادہر چار سو لے ترتیب یعنی کوئی کہین بیٹھا اور کوئی کہین کہڑا کل صحابہ کرام کے دہیان سے

غافل نرہے خصوص اصحاب صفہ کہ جو قریب سو آدمیونسے کچھ کم زیادہ ہمیشہ صحابیون مین سے بالکل تارک الدنیا لوگ تھے کہ اونکا

حال یہ تھا کہ نہ ایشانرا با دنیا کارے ونہ دنیا را با ایشان کارے رات بہر قرآن خوانی مین مشغول رہتے تھے اور دن بھر تحصیل

علوم اور خدمتگزاری خلق اللہ مین بلا وجہ دنیاوی ابو ہریرہ وغیرہ اونہین مین سے ہین اور صفہ یعنی چبوترہ جو بعد تحویل قبلہ

کے جو کچھ جگہہ باقی رہ گئی تھی اون صحابیون نے کہ جنکے اہل و عیال نہ تھے خصوص مسافر تھے اپنے لئے ایک جھوپڑی ڈال لی تھی حضرت

صلعم اونکی نہایت خاطرداری کرتے تھے اور اپنی صحبت زیادہ رکھتے تھے کہ جنکی شان مین اس قسم کی آیتین نازل ہین ولا

تعد عیناک عنہم اتنی ہین اوس ساخت مسجد نبوی کا خیال کرے کہ جو ابتدای زمانہ ہجرت شریفہ مین آنسرور عالم صلعم نے

معہ اپنے اصحاب کے اپنے ہاتون سے اینٹین ڈہوکر تعمیر کری یعنی سادہ مسجد بنی ہوئی لکڑی و پوست خرما سے ساتھہ ایکمیدان

وسیع کے اور اوسمین پھر تصور کرے کہ حضرت آنسرور عالم صلعم ساتھہ لباس سبز یا نہایت سفید براق خوشبو لگای ہوے

اور موئی شریف چکنے چکنے شانہ کئے ہوی مانگ نکالے ہوئے بال مبارک قریب لو کانکے یا نصف گردن شریف یا مونڈہون تک

جیسے عادت تہی مشغول نماز مین یا تلاوت قرآن مین یا وعظ مین یا فتوی دیتے ہین یا کسی حال مین موافق حال کے یا کہڑے ہوی تصو

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرے اور چاندنی شب ہے چودھوین آنکی اور چاند نمودار ہے تو پھر ایک نظر ڈالی چاند کیطرف اور ساتھہ ہی ایک نظر ڈالی چہرہ مبارک کیطرف اور خوب دیکھی چہرہ مبارک کیطرف کہ گویا ایک چاند کیا ہزار ہا چاند فایق تر چہرہ مبارک مین جاری ہین اور بالیقین یہہ تصور یہانتک کرے کہ جمال مبارک فایق کیا بلکہ نور قمر کا ایک پارہ یا شمہ جمال مبارک کا ہے تو پھر کیف مرتبہ فنافی الرسول اور محبت فی الرسول ایسی درود خوانی سے دیکھیے گا ادنی مرتبہ اس مراقبہ کا اتباع سنت ہے ساتھ نہایت محبت اور تعظیم کے اور باقی گونگوں کی زبان بیان گونگ ہے ارشاد مسترشد دہم اور درود شریف معمولہ فقیر یہہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ خصوصاً پڑہنا اسکا بروز جمعہ یا شب جمعہ ایکہزار بار مفید ہے دیکھنے کو خواب مین جمال مبارک آنسرور عالم صلعم کے یا اپنے مقام کو بہشت مین اور پڑہنا لفظ واٰلہ وسلم کا بھی یہی فائدہ بخشتا ہے اور اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد بعدد البری والوری والثری واسطے زیارت آنسرور عالم صلعم کے مجرب ہے بموجب ارشادات امام ہمام حضرت سید صاحب قبلہ مصدر المناقب قدس سرہ اور واسطے زیارت کے اللھم صل علی من منہ انشقت الاسرار کا ورد کرنا بہت فائدہ رکھتا ہے خصوصاً پڑہنا صبح وشام ادنی مرتبہ تین تین بار صبح وشام اور پچھلے کو حضرت شاہ محمد عاشق پھلتی علیہ الرحمۃ نے سبیل الرشاد مین لکھا ہے اور فقیر کا مجرب ہے اور یہہ درود مشہور ہے بدرود سید عبدالسلام بن مشیش رحمۃ اللہ علیہ فائدہ ضمیمہ اس ڈھب سے مرتبہ فنافی الشیخ کو مشق کرے تا بعد ان دو نو مرتبونکے مرتبہ فنافی اللہ پیش آوے کہ بعد اسکے مرتبہ بقا باللہ ہے کہ جو مقصود اصلی ہے اور خلاصہ سلوک ہے رزقنا اللہ اور اصطلاح حضرت صوفیہ مین رابطہ کہتے ہین ذات مرشد کو اور ملاحظہ کہتے ہین وقت ذکر کے امہات صفات الہیہ پر یعنی سمیع وعلیم وبصیر پر لحاظ رکھنا اور بعض مشایخ قدیر کو بھی شامل کہتے ہین اور واسطہ کہتے ہین ملاحظہ مرشد کو وقت ذکر کے اور مشغولی کے ساتھہ وصف محبت اور عظمت کے بطور وسیلہ اور ذریعہ مانند عینک کے جو ذریعہ ہے نظر انداز نکالکر نظر پریشان نہین ہوتی گویا صحبت معنوی ہے اور اوسقدر انہماک نہو کہ یہہ نسبت جاہلونکی نوبت رخنہ اندازی درباب عقاید کے بطور امور شرکیہ پہونچے مانند حاضر ناظر جاننے وغیرہ اون امور کے جو خاص ہین خدای تعالی کے ساتھہ ہماری تو غرض اتنی ہے کہ جسقدر ہمارے پیشوائے طریقت اور شریعت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی اور فرزند ارجمند اونکے مصدر المناقب حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث علیہ الرحمۃ نے اپنی بعضی تصانیف مین مثل انتباہ اور قول جمیل اور تفسیر عزیزی زیر آیۃ واذکر اسم ربك وتبتل الیہ تبتیلا کے اور درمیان اون فائدونکے جو اونہونے اپنی طرف سے بحوالہ جد امجد اپنے حضرت قطب الاولیاء شیخ عبدالرحیم محدث دہلوی قدس سرہ کے قول جمیل پر لکھی ہین اور اوسکے جواز کی تصریح فرمائی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

محض واسطے دفع تفرقہ کے اور واسطے بہرنے شوق باللہ کے کہ اولیاء اللہ کا جب خیال ہو تو اللہ تعالیٰ یاد آوے حدیث شریف مین وارد ہی اذا رُؤوا ذکر اللہ یعنی جب نظر پڑین تو اللہ یاد آجاوے چنانچہ مولانا بحوالہ اپنے جد امجد علیہما الرحمۃ کے فرماتے ہین کہ اس آیۃ قرآنی مین کونوا مع الصادقین یعنی سچون کے ساتھہ ہو ایک طرح کا اشارہ ہی رابطہ مرشد کا فقط اور عند الاستفتا جناب حافظ حاجی مولوی عبد القیوم صاحب سلمہ صاحبزادہ فیض بخش و ہدایت مآب مولانا عبد الحی صاحب قدس سرہ نے جو تحریر فرمایا ہی بعینہ مرقوم ہوتا ہی معہ متابعت و موافقت جناب مولوی سبحان بخش صاحب تلمیذ جناب مولانا مملوک علی صاحب مرحوم مغفور اور وہ یہہ ہی الجواب شغل رابطہ و برزخ بنہجیکہ حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ در کتاب قول و انتباہ تحریر فرمودہ اند جائز است و درست و ثابتہ الاصل کتبہ عبد القیوم بن مولوی عبد الحی مرحوم مغفور اصاب فیما اجاب سبحان بخش شکارپوری اور واسطہ اس طریق کے رفیق سفر واقف کار نشیب و فراز راہ سے درکار ہی اور رائیۃ المسائل مین ہمارے استاد محقق سند آفاق حضرت مولانا و اولانا حاجی مولوی محمد اسحاق محدث شاہجہان آبادی مکی قدس سرہ نے بھی اسکا انکار نہین فرمایا بعد نقل کلام تفسیر عزیزی کے جسمین تذکرہ اس شغل برزخ کا ہی کہ نوبت بشرک پہونچے لکھتے ہین کہ رابطہ معمول بعض مشایخ است فقط باقی اسباب مین طرفین کے جہگڑون سے جو کہ مین ساتھہ افراط اور تفریط کے بالکل یکسوئی جاہئے ضرور ہی اور چاہئے طالبکو کہ وقت اپنے رفتار کے جو قدم پڑے اوس حرکت کو اسم ذات سمجھے یہہ نظر بر قدم ہے جو ایجاد فقیر ہی جیسا کہ نظر بر قدم کے تحقیق زیادہ تر قول جمیل مین ہی ارشاد چہاردہم ہیچ طریق کمل جاذبی قبض کے جو کبھی طالب اپنے نسبت مین قبض یعنی کاوٹ پاوے تو اسکو خوب سوچے کہ کس چیز سے پیدا ہوئے اگر وہ سبب سمجھ مین آوے تو اوس خطرہ کو فوراً رفع کرے اور از سر نو استغفار کرکے مشغولی اختیار کرے اور جو وہ سمجھ مین نہ آوے تو اسم فعال کو شد و مد کے ساتھ بقوۃ اور شدت تمام قلب پر ضرب مین لگاوے اور اپنے کسب کے دخل کا دہیان نہ رکھے محض امیدوار فضل الہی کا رہی باخلاص تمام اگر نہ رفع ہو تو پانی گرم یا سرد سے مناسب مزاج اور موسم کے غسل کرے اور صفائی ہر قسم کے بال زیر ناف وغیرہ ناخن نعلین استعمال خوشبو مناسب مزاج کی حاصل کرے اور شغل رابطہ کے اوسی قدر کہ جو پہلے مذکور کر چکے ہین انشاء اللہ تعالیٰ جلد قبض رفع ہو جاوے گا بلکہ زیادہ تر پہلے سے ذوق پیدا ہوگا اور بالفرض اگر نہ رفع ہو باوجود تکرار ان چیزون کے تو طالب تنگ دل نہو بعد عرصہ خود بخود کہل جاویگا کیونکہ قبض اور بسط دونو حال ہین اسپر اکتفا کرے کہ یہہ حال بھی عطیہ سرکار ہی اس مین غرق رہے کہ یہہ خود بسط ہی یہہ مجربات فقیر سے ہی ارشاد پانزدہم

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ طریقہ تلاوت پیروی جناب صدیق اکبرؓ کی حاصل ہی کہ احادیث مین آیا ہی اور کسی آیۃ پر کچھ مطلب اپنی
سمجھ کے موافق سمجھکر دل لگی یا کوئی طرح کا حال پیدا ہو تو بار بار اوسکی تکرار کرے نہایت خط وحلاوت کے
ساتھ جب تک دل اوسپر جمارہے اور طبیعت سیر نہو جاوے اپنی طرف سے اوس حال کو نہ بدلے کہ حق تعالے
فرماتا ہی ان اللہ لا یغیر ما بالقوم حتے یغیروا ما بانفسہم اور ان احکام پر جو اوسنے تلاوت کئے تہ دل سے ارادہ
عمل کا کرے اور یہہ سمجھے کہ اللہ جل شانہ گویا کلام فرماتا ہی اور مین سنتا ہون اور جو نہو سکے تو یہہ سمجھے کہ مین پڑہتا ہون
اور وہ سنتا ہی جیسا کہ اشارہ ہے اس حدیث مین طرف عام عبادات کے اور یہہ عمدہ ترین عبادت ہی تعبد اللہ
کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک اور اوسمین محو ہو جاوے تو معنی اس حدیث کے مین کہتا ہون کہ موافق
تحقیق صوفیہ کرام کے ہو جاوے کیونکہ موافق تحقیق علماء ظاہر کے تو معنی مشہور ہین اور وہ معنی یہہ ہین کہ کان تامہ
ہی شرط مین نہ کہ ناقصہ اور تراہ جزا اوسکے تو معنی اوسکے یہہ ہی جب تو نابود ہوا اور انانیت زایل ہوی تو دیکھ لے گا
اوسکو چنانچہ اشارہ ہی اس تحقیق کی طرف بعضے اکابر سلف کے کلام مین بھی مثل شیخ ابو المکارم مشرعی قادری کہ
بڑے عارف اجل ہین لیکن بطور قواعد فنون عربیہ کے اسمین کلام بہت ہین مگر حق یہہ ہی کہ رویت اس دار دنیا مین
ان آلات جسدانی فانیکے ساتھ بلا حجاب ناممکن ہی اور جو مدعی ہے اوسکو دہوکا ہے جیسا کہ ہمارے پیشوا طریقت حضرت
شیخ عبد القدوس چشتی گنگوہی قدس سرہ نے اپنے مکتوبات مین تحقیق فرمائی ہی کہ جیسا فانوس بلورین کا مشاہدہ
دور سے مشتبہ ہو جاتا ہی دیکھنے والیکو کہ اسمین حجاب نہین ہی اور جب متصل ہوگا اور کشف حقیقت کی ہوگی تو فوراً
حجاب کا قایل ہوگا یہہ سراسر دینا نقصان ہی ایسا اعتقاد نچاہیے تو معلوم ہوا کہ ہر مظہر مین ایک تجلی خاص ہی نہ بلا حجاب
غرض ہماری لفظ تراہ سے تو مشاہدہ قلبی ہی نہ معائنہ یعنی یہہ مشاہدہ بھی محبوب حقیقی باقی کا بے فنا بے صفات بشریہ
اور انانیت کی جو عبارت ہی کمال سلوک سے ناممکن ہی اور خیال خام رزقنا اللہ آمین ارشاد شانزدہم یہہ طریقہ توجہ دینے کا

تتمہ[۱۶] تو یہہ بھی عمل کرے کہ یہہ عمل موافق حدیث شریف کے ہی یعنی طالب کو کمر کراپنی دو زانو بٹہلاوے اور دل کی طرف خود دہیان کرے اور دل کی زبان پر کلمہ اللہ کا تیز دل کیا
کہتا ہو یعنی اللہ اللہ سمجہاوے اور ہمت تمام سے اپنے دلکو اوسکے دل پر باطن طور رکہدے کہ گویا ذات اپنی اور طالب کی ایک ہو گئے اور طالب بھی ایسا سمجہے کہ کوئی چیز مرشد کی طرف سے
مجہپر پہنچتی ہوتی ہے اور میری طرف آتی ہے اور اللہ مثل فقیر کا سوال کرے کہ مرشد کے جیسا یا ہو مجکو یقین ہی کہ مجکو پہونچیگا اور اگر کوئی فائدہ نہیں دریافت ہوا تو کچہ
مضائقہ نہیں تنگ دل نہو یا ہر لطیفہ پانچ کو ہر لطیفہ طالب پر ٹہاکرے اور زور زور سے رگڑ دے اور دہکا دے خواہ سب لطیفوں سے خواہ صرف قلب بہی پر کافی ہو جاوے
گا اور اگر توجہ دینے کا گرم اور زور شور کے منظور ہو تو مرشد طالب کے دلکو ساتھ قوت تمام کے گرمی پہنچاوے بایں طور کہ اپنی قوت خالیہ مین تصور کرے کہ گویا طالب کے
دلکو اور اگر بہت ہون تو سبکے دلون کو ایک دل تصور کر کے شہی سنار یا بہٹی لوہار اور ضرب سے شکون اور وہ پوکنیون سے دم بدم شعلون مین آگ ایک کشہائی مین[۲]

سترہ صفحہ کی آٹھوین سطر کے اس فقرہ تک پڑہکر (خطرہ آوی) پہر اس تتمہ کو پڑہنا چاہیے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکا یہ طریقہ ہے کہ مرشد دلکو طالبکے دلسے خوب ٹکرا دے ساتھ ہمت قوی کے اور جمعیت خاطر کی اور ڈوب جانے کی
اپنے نسبت مین اور دوسرا طریق یہہ ہے کہ پہلے توجہ دہی سے بجناب ایزد جل شانہ عجز و انکسار و مسکنت اور عبودیت
اپنی بالتجام ظاہر کرے اور الحاح اور مدد چاہے بجناب کبریا کے یہہ دعاء ماثورہ بحضور دلی تمام پڑہے اللّٰهم اعنی علی
ذکرک وشکرک وحسن عبادتک اللهم احینی مسکینا وامتنی مسکینا واحشرنی فی زمرة المساکین الخ
پھر طالب کیطرف متوجہ ہو کر جس چیز کو چاہے بصرف ہمت القا کرے طریقہ اول ہوافق تحریر قول جمیل کے ہے اور دوسرا
موافق ارشاد حضرت سید صاحب مصدر المناقب قدس سرہ کے ہے اور تیسرا طریق یہہ ہے جو ایجادات فقیر سے ہے مرشدکو اور
طالبکو چاہیے کہ اعوذ پڑھ کر تین بار اپنے بائین مونڈھے کیطرف تف تف کرے بخیال اسکے کہ گویا شیطان کے چہرہ پر
تھوکا اور اوسکو اسمکان سے اپنے خیال مین بزور باہر نکال دیا اور جب اثناء توجہ مین ایسا خطرہ آوے برکت سے فیضان
مرشد طالب کے قلب پر ریزان کریگا مگر یہہ سب باتین جو متعلق توجہ دہی ہین اوسوقت ہونگی کہ جب نفس طالب
کسی نسبت اہل اللہ سے ہوا ہوگا تمام ہوئین سطرین توجہ دہی ملہمات یہ نسبت فقیر ارشاد ہفت
پیچ طلب معاش وغیرہ کے آدمی اپنی تلاش معاش مین مجبور رہے تو چاہیے کہ بعد نماز فجر کے یا مغنی گیارہ سو بار پڑہے
اور اسیقدر یا وہاب بعد نماز عشاء اور نہو سکے تو ایک سو گیارہ بار مغنی اور اسیقدر یا وہاب پڑہے اور اگر زیادہ
جمعیت اور ادائے قرض منظور ہو تو یا وہاب بعد نماز عشاء تین ہزار بار پڑہے اور کوئی وقت معین کر کے ایک سو گیارہ
بار یا کافی پڑہتا رہے اور تین سو آٹھ بار یا رزاق اور چار سو نواسی بار یا فتاح کو پڑہنا اور رات بھر مین دو دفعہ
سورہ واقعہ کو پڑہتا رہے کہ مولانا شاہ عبدالعزیز قدس سرہ کا فرمودہ ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ خود بخود سامان معاش بے تکلف
مہیا حال اسکے رہینگے کہ محتاج اور قرضدار نرہیگا اور اگر قرضدار ہوگا تو ادا ہوجائیگا اور غناء باطنی بھی رہیگی کھاتا
کھلاتا رہیگا اور حدیث شریف صحیح مین آیا ہے کہ جو رات کو سورہ واقعہ پڑہے تو اوسکو فاقہ نہ پہونچیگا اور واسطے ادائے
قرض کے یہہ دعاء حدیث شریف کی اللّٰهم اکفنی بحلالک عن حرامک واغننی بفضلک عمن سواک و یا حی
